نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایات پر کپاس کے کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے تمام افسران کی فیلڈ سرگرمیاں جاری

لاہور: یکم جون 2025: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو کی ہدایات پر تمام افسران فیلڈ میں کاشتکاروں کی رہنمائی، کپاس کی نگرانی، اور کسان کارڈ کی سہولت کے مؤثر نفاذ میں مصروف عمل ہیں۔ انہی احکامات کی روشنی میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب شبیر احمد خان اور ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول نے ضلع لودھراں کا دورہ کیا، جہاں کپاس کے فیلڈز کی پیسٹ سکاؤٹنگ اور فیلڈ ٹیموں کی مانیٹرنگ کی۔ ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں نے ملتان میں کسان سہولت مراکز اور کپاس کے فیلڈز کا معائنہ کیا اور کاشتکاروں سے کسان کارڈ سہولت پر فیڈ بیک حاصل کیا۔ اس کے علاوہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبد الحمید نے بہاولنگر کے علاقوں ڈونگا بونگا اور ہارون آباد میں کپاس کے کھیتوں کا معائنہ کیا، کسانوں سے موجودہ فصل کی حالت، پیسٹ مینجمنٹ اور کسان کارڈ سہولیات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے غلہ منڈی بہاولنگر اور ہارون آباد میں کسان کارڈ پوائنٹس پر خدمات کا جائزہ لیا اور کاشتکاروں سے براہ راست فیڈ بیک حاصل کیا۔ تمام افسران نے کپاس کی فصل کی بہتر مینجمنٹ کے لیے کاشتکاروں کو بروقت تکنیکی رہنمائی، معیاری زرعی مداخل کی فراہمی اور فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

☆☆☆☆